# ARIF HABIB CORPORATION LIMITED

# انیسواں سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ عارف حبیب کارپوریشن لمیٹڈ (''کمپنی'') کا انیسواں سالانہ اجلاس عام بروز ہفتہ مورخہ 21 ستمبر 2013ء صبح گیارہ بجے پیچ لگژری ہوٹل مولوی تمیز الدین خان روڈ کراچی میں منعقد کیا جائے گا۔ جس میں مندرجہ ذیل امور انجام دیئے جائیں گے۔

## عمومی امور :۔

(1)۔ اٹھارہویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 29 ستمبر 2012ء کی کارروائی کی توثیق۔

(2) 30 جون 2013ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ گوشواروں معہ ڈائریکٹروں اور آڈیٹروں کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری بشمول 30 جون 2013ء کے کمپنی کے آڈٹ شدہ کنسولیڈیٹڈ گوشواروں کے بمعہ آڈیٹروں کی رپورٹ۔

(3) 30 جون 2014ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہیرہ کا تعین۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی بطور ایکسٹرنل آڈیٹرز دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

(4) 30 جون 2013ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے 25 فیصد یعنی 2.50 روپے فی حصص کی شرح سے بمطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش حتمی نقد منافع منقسمہ پر غور وخوض اور منظوری۔

(5) کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 178 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز نے قابل انتخاب ڈائریکٹرز کی تعداد سات مقرر کی ہے۔ سبکدوش ہونے والے اور دوبارہ انتخاب کے اہل ڈائریکٹروں کے نام حسب ذیل ہیں۔

جناب عارف حبیب، جناب نسیم بیگ، جناب اسداللہ خواجہ، جناب صمد-اے-حبیب، جناب کاشف-اے-حبیب، جناب محمد اعجاز، جناب کاشف شاہ۔

## خصوصی امور :

(6) مندرجہ ذیل خصوصی قراردادوں پر غور وخوض اور موزوں پانے پر ترمیم یا بلا ترمیم پاس کرنا۔

### ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں اور ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری۔

''**قرار پایا کہ** کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 208 اور کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں اور ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز مجریہ 2012ء کے تحت اجازت اور منظوری کے بعد مندرجہ ذیل ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں اور ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگ میں کمپنیز آرڈیننس کی دفعہ 160(1)(b) کے تحت ضمنی گوشوارہ میں درج شرائط وضوابط کے مطابق سرمایہ کاری/اضافی سرمایہ کاری کی جائے گی''۔

| کمپنیوں اور انڈر ٹیکنگز کے نام | رقم ملین روپے میں | |
|---|---|---|
| | ایکیوٹی کے لئے مجوزہ رقم | قرضہ/پیشگیوں کیلئے مجوزہ |
| جاوداں کارپوریشن لمیٹڈ۔ | 1,250 | 1,250 |
| عارف حبیب لمیٹڈ۔ | === | 250 |
| رئیل اسٹیٹ مداربہ مینجمنٹ کمپنی لمیٹڈ۔ | === | 300 |
| عائشہ اسٹیل ملز لمیٹڈ۔ | 750 | 750 |
| پاور سیمنٹ لمیٹڈ (سابقہ العباس سیمنٹ انڈسٹریز لمیٹڈ) | 300 | === |
| سچل انرجی ڈیولپمنٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ۔ | 1,250 | === |
| سیف مکس کنکریٹ پروڈکٹس لمیٹڈ۔ | 150 | 150 |

'' **مزید قرار پایا کہ** :۔ کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 208 اور کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز مجریہ 2012ء کے تحت ایکیوٹی انویسٹمنٹس کی غیر استعمال شدہ حصہ تک تجدید کی منظوری دی جاتی ہے جس کی گزشتہ اجلاس عام میں ضمنی گوشوارہ میں درج ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں اور ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں دفعہ 160(1)(b) کے تحت منظوری لی گئی تھی''۔

'' **مزید قرار پایا کہ** :۔ کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 208 اور کمپنیز (ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں یا ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں سرمایہ کاری) ریگولیشنز مجریہ 2012ء کے تحت قرضوں اور پیشگی رقومات کی مختص شدہ حدود کی تجدید کی منظوری دی جاتی ہے جس کی گزشتہ اجلاس عام میں ضمنی گوشوارہ میں درج ایسوسی ایٹڈ کمپنیوں اور ایسوسی ایٹڈ انڈر ٹیکنگز میں دفعہ 160(1)(b) کے تحت منظوری لی گئی تھی۔ ہرگاہ کہ حدود کی تجدید ایک سال کی مدت کیلئے رننگ فنانس کی نوعیت کی ہوگی اور مزید ایک سال کی توسیع آئندہ اجلاس عام میں قابل تجدید ہوگی''۔

'' **مزید قرار پایا کہ** :۔ چیف ایگزیکیٹو آفیسر/ کمپنی سیکریٹری کو مذکورہ بالا قراردادوں کو موثر بنانے اور عمل درآمد کیلئے تمام ضروری کارروائیاں/اقدامات کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے اور کمپنی کی مندرجہ بالا سرمایہ کاری کیلئے تمام اتفاقی/نتیجتاً کارروائیاں انجام دینے کا، جب بھی ضروری ہو، اختیار دیا جاتا ہے''۔

## دیگر امور :

(7) چیئرمین کی اجازت سے کسی بھی دیگر امور کی انجام دہی۔

کمپنیز آرڈیننس مجریہ 1984ء کی دفعہ 160(1)(b) کے تحت خصوصی امور کے بارے میں گوشوارہ نوٹس ہذا کے ہمراہ حصص یافتگان کو ارسال کیا جارہا ہے۔

**کراچی** — **بحکم بورڈ**

**31 اگست 2013ء** — **باسط حبیب**

**کمپنی سیکریٹری**

**نوٹ :**

(1) کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 13 ستمبر 2013ء تا 21 ستمبر 2013ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرار میسرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے دفتر واقع سی ڈی سی ہاؤس-99-بی، بلاک ''بی'' ایس ایم سی ایچ ایس مین شاہراہ فیصل کراچی میں جمعرات 12 ستمبر 2013ء دن کے اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں نقد منافع منقسمہ اور اجلاس میں شرکت اور رائے دہی کی اہلیت کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

(2) اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا ہے جسے ممبر کی طرح اجلاس میں شرکت، رائے دہی اور دیگر تمام حقوق حاصل ہوں گے۔

(3) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر I حوالہ نمبر 3(5-اے) ایم آئی ایس سی/اے آر او/ایل ای ایس/96 مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج طریقہ کار اور ہدایات حسب ذیل ہیں۔

(i) ممبران، نمائندگان اور پروکسیوں کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر شناخت کیلئے اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا اور اپنا فولیو نمبر ہمراہ لانا ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد /پاور آف اٹارنی اور نامزد فرد کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پیش کرنی ہوگی (اگر پہلے فراہم نہ کی گئی ہو)۔

(iii) پروکسی فارم اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل دستخط، مہر اور دو گواہوں کے ہمراہ جن کے نام، این آئی سی نمبر، پتے اور دستخط درج ہوں، ہمارے رجسٹرار کے دفتر میں مل جانے چاہئیں۔

(iv) افراد کی صورت میں ممبر اور پروکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنا چاہئے۔

(v) کارپوریٹ اینٹٹی کے پروکسی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی اور پروکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک کرنی ہوگی۔

(4) ممبران سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر رجسٹرار کے دفتر کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔